مشرک، منافق اور کافر میں فرق

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2169

تاریخ اجراء: 02 جمادی الاول 1445ھ/17 نومبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا آپ سے سوال ہے کہ مشرک، منافق اور کافر میں کیا فرق ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ہر مشرک و منافق کافر ہی ہے تو کفر کے اعتبار سے کافر، مشرک اور منافق میں کوئی فرق نہیں البتہ ان کے کفر کی اقسام میں فرق ہے۔

کفر کی وضاحت: کسی ایک ضرورت دینی کے انکار کو بھی کفر کہتے ہیں اگرچہ باقی تمام ضروریات دین کی تصدیق کرتا ہو جیسے کوئی شخص تمام ضروریاتِ دین کو تسلیم کرتا ہو مگر نماز کی فرضیت یا ختم نبوت کا منکر ہو وہ کافر ہے کہ نماز کو فرض ماننا اور سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی ماننا دونوں ضروریات دین میں سے ہیں۔ ضروریات دین اسلام کے وہ احکام ہیں جن کو ہر خاص وعام جانتے ہوں جیسے اللہ کی وحدانیت۔ (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص 40، 41، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

شرک کی وضاحت: اور شرک کہتے ہیں "اللہ کے سوا کسی کو واجب الوجود یا مستحق عبادت جاننا یعنی الوہیت میں کسی کو شریک کرنا اور یہ کفر کی سب سے بدترین قسم ہے۔"

واجب الوجود کی وضاحت: "واجِبُ الوُجُود ایسی ذات کو کہتے ہیں جس کا وُجود (یعنی "ہونا") ضَروری اور عَدَم مُحال (یعنی نہ ہونا غیر ممکن) ہے یعنی (وہ ذات) ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی، جس کو کبھی فنا نہیں، کسی نے اِس کو پیدا نہیں کیا بلکہ اِسی نے سب کو پیدا کیا ہے۔ جو خود اپنے آپ سے موجود ہے اور یہ صرف اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات ہے۔" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص 44، 45، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نفاق کی وضاحت: "اور زبان سے اسلام کا دعوی کرنا اور دل میں اسلام سے انکار کرنا نفاق ہے۔" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص 45، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اور ایسا شخص منافق کہلاتا ہے۔علامہ شامی فرماتے ہیں:”ھو من یبطن الکفر ویظھر الاسلام“ترجمہ:وہ شخص جو اندر سے کافر ہو اور خود کو مسلمان ظاہر کرے۔(درمختار مع ردالمحتار،ج4،ص69،دارالفکر،بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net